وقف کرنا بہت ہی مشکل کام ہے۔ چونکہ وصوف کا تعلق بھی اسی قوم (میو) سے ہے اس لیے انہوں نے اس سہ ماہی رسالے نقوش میوات میں میوات کے متعلق اور اس کی تاریخ وتمدن، ثقافت وتہذیب اس کے علمی، فکری تاثر اور دیگر امتیازات وخصوصیات کے متعلق مضامین اور پُر مغز مقالات شامل اشاعت کرتے ہیں۔ یہ ایک نہایت ہی مستحسن اقدام ہے ہمارا مشورہ ہے کہ بجائے سہ ماہی کے اگر اس کو ماہنامہ کیا جائے تو اس کا افادہ مزید ہوگا۔ (محمد ابراہیم فانی)

رہنمائے فارسی شرح رہبر فارسی

از مولانا محمد طاہر کوثر۔ صفحات ۸۸، قیمت درج نہیں۔ ناشر۔ فرقانیہ پبلشنگ کمپنی دفتر ممتاز منزل گراؤنڈ فلور۔ نزد کوہ نور بوٹ ہاؤس پتھر اسٹریٹ رامسوامی کراچی ۳۔

رہبر فارسی ابتدائی درسی کتاب ہے جامعہ فاروقیہ کراچی کے فاضل مدرس مولانا محمد طاہر کوثر نے اردو میں اس کی صرفی تحقیق نحوی ترکیب اور حل لغات پر مشتمل خوبصورت اور بہترین شرح رہنمائے فارسی کے نام سے لکھدی ہے جو مبتدی کے لیے بے حد نافع ہے۔

قواعد الصرف (بترتیب جدید)

۶۴ صفحات کا یہ رسالہ بھی مولانا محمد طاہر کوثر کی رشحات قلم کا نتیجہ ہے جس میں قواعد ہفت اقسام اور ابنیہ صیغ وتعلیلات کو تمام شرائط کے ساتھ بہت ہی سہل اور منظم کرکے حل کیا گیا ہے ابواب کی خاصیات کو عام فہم اور دلنشین انداز میں بیان کیا گیا ہے یہ بھی فرقانیہ پبلشنگ کمپنی کی مطبوعہ ہے۔ دونوں کتابوں کا ٹائیٹل خوبصورت اور رنگین وجاذب نظر ہے۔

آزادی نسواں کا فریب

تالیف۔ مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم، صفحات ۵۲، قیمت ۱۵ روپے۔ ناشر۔ میمن اسلامک پبلشرز ۱۸۸/۱ لیاقت آباد۔ کراچی ۱۹

موجودہ معاشرے کی خرابی کا ہر جگہ رونا رویا جا رہا ہے، اور اس خرابی کی ایک بہت بڑی وجہ "عورتوں کی بے پردگی" ہے، جب تک اس کو نہیں روکا جائے گا۔ اس وقت تک معاشرے کا سدھرنا مشکل ہے، اس برائی کی روک تھام کے لیے شیخ الاسلام مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم نے فلوریڈا، امریکہ میں ایک تقریر کی تھی۔ جس میں پردہ کے شرعی احکام، اور بے پردگی کی ابتداء اس کا انجام بد گھریلو نظام کی درستگی کا طریقہ ضرورت کے وقت عورت کو گھر سے باہر جانے کی اجازت وغیرہ بے شمار موضوعات پر تفصیلی گفتگو فرمائی ہے۔ ہر مسلمان کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیئے، تاکہ وہ اپنے گھر کا ماحول اور باہر کا ماحول درست کر سکے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان احکام پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔